ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔ 02199212639

آئی جی سندھ کی زیر صدارت اجلاس
ڈی ایل برانچ کو اپ گریڈ کرنے کے مختلف امور کا جائزہ
کراچی میں مذید ڈی ایل برانچز کا قیام عمل میں لایا جائے۔آئی جی سندھ

کراچی 16 مارچ 2017ء۔

سینٹرل پولیس آفس کراچی میں آئی جی سندھ اے ڈی خواجہ نے ایک اجلاس کی صدارت کے دوران ڈرائیونگ لائسنس برانچ کی اپ گریڈیشن اور اسے فی زمانہ جدید اور ماڈرن خطوط سے آراستہ کرنے کے حوالے سے مختلف امور واقدامات کا جائزہ لیا اور مذید ضروری احکامات دیے۔اجلاس میں ایڈیشنل آئی جی سندھ،ایڈیشنل آئی جی اسپیشل برانچ،ڈی آئی جی ہیڈکوارٹرز سندھ,ڈی آئی جی فائنانس،ڈی آئی جی آئی ٹی،اے آئی جی ویلفیئر سندھ ودیگر سنیئر پولیس افسران کے علاوہ ڈی آئی جی ڈی ایل مظہر نواز شیخ نے شرکت کی۔

اجلاس کو اس موقع پر بتایا گیا کہ لرننگ اور مستقل ڈرائیونگ لائسنس کارڈ سمیت لائسنس کی تجدید وغیرہ کی مد میں حاصل ہونیوالی رقم میں سے تیس فی صد رقم حکومت سندھ نے ڈی ایل برانچ کو براہ راست منتقل کرنے کا فیصلہ کیا ہے اور اس ضمن میں وزیر اعلی سندھ نے باقاعدہ منظوری دیدی ہے۔اجلاس کو ڈی آئی جی ڈی ایل نے بریفنگ میں بتایا کہ حاصل ہونیوالی تیس فی صد رقم سے:۔

- ☆ اسٹاف ویلفیئر (STAFF WELFARE)
- ☆ اپ گریڈیشن/انفراسٹرکچر ڈیولپمنٹ (UPGRADATION / INFRA STRUCTURE DEVELOPMENT)
- ☆ ریوارڈز (REWARDS)
- ☆ ٹریننگ (TRAINING)
- ☆ مارکیٹنگ اینڈ اویئرنس (MARKETING & AVERNESS)

جیسے اقدامات کو یقینی بنایا جائیگا جس سے کہ بلاشبہ ڈی ایل برانچ کے جملہ امور میں بہتری اور تقویت یقینی ہوجائیگی۔

انہوں نے مذکورہ اقدامات پر دوران بریفنگ بتایا کہ اسٹاف ویلفیئر میں ٹریفک پولیس اہلکاروں کی فلاح وبہبود،بچوں کی تعلیم،طبی رہائشی سہولیات وغیرہ،اپ گریڈیشن/انفراسٹرکچر/ڈیولپمنٹ میں عمارتوں،دفاتر کی تزئین آرائش،درکار کمپیوٹر ودیگر ساز وسامان،مذید ڈی ایل برانچز کی تعمیر وغیرہ،ریوارڈز کے تحت عمدہ کارکردگی کو کوارٹرلی بنیادوں پر نقد رقم کی مساوی تقسیم،ٹریننگ کے تحت بہترین اور معیاری تربیت جبکہ مارکیٹنگ اینڈ اویئرنس کے ذریعے لوگوں کو ٹریفک کی مختلف مہموں اور ٹریفک قوانین کے نفاذ اور اسکے فوائد وغیرہ جیسے اقدامات کو نا صرف یقینی بنانا ہے بلکہ باقاعدہ شعور بھی اجاگر کرنا ہے۔

آئی جی سندھ نے اجلاس مذکورہ اقدامات پر انکی روح کے مطابق عمل درآمد کے ضمن میں ڈی آئی جی ڈی ایل کی سربراہی میں اے آئی جی ویلفیئر،ڈی آئی جی آئی ٹی،ڈائریکٹر آئی ٹی،اے آئی جیز لاگ،اسٹیبلشمنٹ،ٹریننگ،فائنانس ودیگر سنیئر پولیس افسران پر مشتمل علیحدہ علیحدہ کمیٹیاں قائم کرتے ہوئے احکامات دیے کہ جملہ امور کو شفاف اور مقررہ وقت میں مکمل کرنے کے لیے باقاعدہ اسٹینڈنگ آپریٹنگ پروسیجرز (ایس او پیز) جلد سے جلد ترتیب دیئے جائیں تاکہ ڈی ایل برانچ اور اسکے جملہ امور کو باقاعدہ ایک پلان کے تحت ہر سطح پر مؤثر اور مربوط بنایا جاسکے۔

انہوں نے ہدایات دیں کہ ڈی ایل برانچ کو نادرا سے منسلک کرنے کے لیے بھی تمام ضروری اقدامات کیے جائیں اور اس حوالے سے ممکنہ درپیش رکاوٹوں کا احاطہ کیا جائے تاکہ انہیں دور کیا جاسکے۔

۔۔۔